مختصر تربیتی کورسز

خوراک کے تجزیہ کی عملی تربیت:

خوراک کے مختلف نمونے اکٹھے کرنا، انکی احتیاط کرنا، نمی اور خشک مادے کا تعین کرنا،خوراک میں ریشے دار اجزا کاتعین کرنا، خوراک میں چکنائی کا تعین کرنا،خوراک میں لمحیات کا تعین کرنا،خوراک کی تیزابیت کا تعین کرنا، مختلف ریشے دار اجزا(این ڈی ایف، اے ڈی ایف)کی اقسام کا تعین کرنا،تیزاب میں ناحل پذیر راکھ کا خوراک میں تعین کرنا۔

جانوروں کی خوراک کی تیاری

بڑے جانوروں (گائے، بھینس)کی خوراک میں مختلف اجزا کی تیاری، چھوٹے جانوروں (بھیڑ، بکریوں) کی خوراک میں مختلف اجزا کی تیاری،اجزا خوراک کا تعارف،جانوروں کی غذائی ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے،مختلف زرعی اجناس اور چارہ جات کی کیمیائی ترکیب، خوراک کی تیاری بذریعہ پئیرسن اسکوائر طریقہ، خوراک کی تیاری بذریعہ کمپیوٹر۔

مختلف خوراک کھلانے کے طریقے اور کھچڑی بنانا:

جانوروں کو علاقائی خوراک کھلانے کا طریقہ، جانوروں کو چارہ اور ونڈہ (کھچڑی) ملا کر کھلانے کے فوائد، خوراک کی مختلف اشکال، جانوروں کی غذائی ضروریات، ٹی ایم آر کی کیمیائی ترکیب اور اسکی تیاری کرنا،ٹی ایم آر/کھچڑی بنانے والی مشین کی اقسام کا تعارف۔

جانوروں کی خوراک میں اضافی اجزا:

اضافی غذائی اجزا کا تعارف، یوریا اور شیرا بلاک بنانے کا طریقہ کار، یوریا اور شیرا چٹائی بلاک بنانے کا طریقہ کار، یوریا اور شیرا چٹائی بلاک کو کھلانے کے اوقات اور طریقہ کار۔

چارہ جات کو محفوظ کرنے کا طریقہ:

چارہ جات کو محفوظ کرنے کی اہمیت،علاقہ چولستان میں خشک سالی کی تفصیل، چارہ جات کو محفوظ کرنے کے طریقہ کار، چارہ جات کو خشک کرنا، چارے کا اچار بنانا، چارہ جات کی ہیلج بنانا،توڑی کی غذائیت بڑھانے کے لیے شیرا اور یوریا کا سپرے کرنا،پاکستانی اور چولستانی گھاس کو محفوظ کرنا۔

دودھیل جانوروں کی غذائی ضروریات:

مختلف غذائی اجزا کاتعارف،غذائی اجزا کی کیمیائی ترکیب،فیڈ فارمولیشن کا تعارف، دودھیل جانوروں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنا،

پیئرسن اسکوائر طریقہ کے مطابق خوراک کو متوازن کرنا، خوراک کی تیاری بذریعہ کمپیوٹر ۔

بھیڑ بکریوں کی خوراک

خوراک کے اجزا کا تعارف، غذائی اجزا کی کیمیائی ترکیب،خوراک کی تیاری کا تعارف،چھوٹے جگالی کرنے والے جانوروں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کا طریقہ ، پیئرسن اسکوئر طریقہ کے مطابق خوراک کو متوازن کرنا، خوراک کی تیاری بذریعہ کمپیوٹر۔